## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

(شعبۂ اقبالیات)

### وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: اقبالیات (405) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی اے

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا5)

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (2x10=20)

1- علامہ اقبال نے کون سے دو مدرسوں میں ابتدائی تعلیم حاصل کی تھی؟

2- علامہ اقبال کے والدین کہاں سے ہجرت کر کے آئے تھے؟

3- علامہ اقبال کے بیٹوں کے کیانام ہیں؟

4- علامہ اقبال یورپ سے واپس کب آئے؟

5- علامہ اقبال کی پہلی نثری تصنیف کا کیانام ہے؟

6- علامہ ااقبال کو"سر"کاخطاب کب ملا؟

7- علامہ اقبال کے پی ایچ ڈی کے مقالے کا کیا عنوان تھا؟

8- اقبال کی والدہ کب فوت ہوئیں؟

9- اقبال نے پرائمری جماعت کاامتحان کس مشہور اُستاد کی راہنمائی میں پاس کیا تھا؟

10- شعر مکمل کریں:"کوئی اندازہ کر سکتا ہے اُس کے زور بازو کا"

سوال نمبر2-مندجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ (20)

(الف)اقبال کازمانۂ طالب علمی (ب)اقبال اور مسلم اسٹوڈنٹ فیڈریشن (ج)اقبال اور قائدِاعظم کے روابط

سوال نمبر3-1912ءتا1918ءاقبال کی سر گرمیوں کا جائزہ لیں نیز بتایئے کہ اس دور میں اقبال کی کون سی کتب شائع ہوئیں؟ (20)

سوال نمبر4-سائمن کمیشن کیا تھااور اس بارے میں اقبال کیا مؤقف رکھتے تھے؟تفصیل سے لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5- یورپ میں اقبال کی مقبولیت پر مضمون تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:6تا9)

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (2x10=20)

1- نظم"تصویرِدرد"اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

2- نظم"خضرِراہ"میں کتنے کردار ہیں؟

3- نظم "خضرِ راہ" اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟
4- علامہ اقبال نے اپنی نظم "خضرِ راہ" کس انجمن کے جلسے میں پڑھی تھی؟
5- نظم "خضرِ راہ" میں کس زمانے کے مسائل کا ذکر ہے؟
6- نظم "طلوعِ اسلام" اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟
7- اقبال نے اپنے فلسفۂ خودی کو اپنے کس فارسی شعری مجموعے میں مکمل طور پر بیان کیا ہے؟
8- اقبال نے اپنے کس فارسی شعری مجموعے میں "بے خودی" کے نظریے کو تفصیل سے بیان کیا ہے؟
9- استعارہ سے کیا مراد ہے؟
10- اقبال کا کوئی ایسا شعر درج کیجیے جس میں استعارہ موجود ہو۔

سوال نمبر 2- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں (20)

(الف) تعارف نظم "تصویرِ درد" (ب) تعارف "اسرار و رموز" (ج) تعارف "زبورِ عجم"

سوال نمبر 3- اقبال کی نظم "طلوعِ اسلام" "کا فکری و فنی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- علامہ اقبال کی نظم نگاری پر مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ علامہ اقبال کی فارسی شاعری پر نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

# امتحانی مشق نمبر 3

## (یونٹ: 10 تا 14)

سوال نمبر 1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (2x10=20)

1. علامہ اقبال کے انگریزی خطبات 1930ء میں کتابی صورت میں شائع ہوئے۔ ان خطبات کی تعداد کتنی تھی؟
2. نظم "ذوق و شوق" کے کل کتنے بند ہیں؟
3. مجازِ مرسل سے کیا مراد ہے؟
4. "مجازِ مرسل" کا اقبال کا کوئی شعر درج کیجیے۔
5. نظم "افکارِ پریشاں" کے کل کتنے بند ہیں؟
6. شاعری کی اصطلاح میں "کنایہ" سے کیا مراد ہے؟
7. نظم "طلوعِ اسلام" پُر مسرت اور اُمید افزا ہے یا مایوس کن؟
8. اقبال نے "لالہ" کے پھول کو کس چیز کی علامت قرار دیا ہے؟
9. شعر مکمل کریں "سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا؟

10. شعر مکمل کریں "ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے"

سوال نمبر 2 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ (20)

(الف)تعارف نظم "پس چہ باید کرد" (ب)اقبال کی نظم نگاری (ج)اقبال کی فارسی شاعری

سوال نمبر 3-علامہ اقبال کی غزل کی خصوصیات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4-شاملِ نصاب ضربِ کلیم کی نظم "صبح" کا فکری و فنی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5-علامہ اقبال کے انگریزی خطبات "The Reconstruction of Religious Thought in Islam" کا مکمل تعارف پیش کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر4

(یونٹ: 15تا18)

سوال نمبر 1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (2x10=20)

1. نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" میں کتنے کردار ہیں؟
2. نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" کس زبان میں ہے؟
3. نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" کی تشکیل میں اقبال مغرب کے کس مشہور شاعر کے قریب دکھائی دیتے ہیں؟
4. نظم "تسخیر فطرت" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟
5. نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" میں شیطان کس چیز سے خوف زدہ ہے؟
6. خودی کے موضوع پر اقبال کا شعر درج کیجیے۔
7. اقبال کی غزل کا مطلع درج کیجیے۔
8. شاہین کے حوالے سے اقبال کا کوئی شعر درج کیجیے۔
9. کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے سے خودی کمزور ہوتی ہے یا مضبوط؟
10. شعر مکمل کریں "خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ"

سوال نمبر 2 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ (20)

(الف)اقبال کا مضمون قومی زندگی (ب)اقبال کا فلسفہ سخت کوشی (ج)اقبال کا فلسفہ جبر و قدر

سوال نمبر 3۔اقبال کی نظم "تسخیرِ فطرت" کا فکری و فنی جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔اقبال کے فلسفۂ خودی کی وضاحت کریں نیز خودی کو مضبوط اور کمزور کرنے والے عناصر کی نشاندہی کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- علامہ اقبال کے مضمون "جغرافیائی حدود اور مسلمان" کے حوالے سے اقبال کے نظریہ وطنیت و ملت کی وضاحت کیجیے۔ (20)